© rasailojaraid.com



## جامعہ علوم اثریہ کے سالانہ امتحانات

قسم تحفیظ القرآن الکریم کے سالانہ امتحانات 20 رجب بمطابق 14 جولائی بروز منگل سے شروع ہو کر 21 رجب بمطابق 15 جولائی بروز بدھ اختتام پذیر ہوں گے۔ یاد رہے کہ شعبہ حفظ کے مستقل ممتحن استاذ القراء حضرت قاری محمد ادریس عاصم لاہوری ہیں۔

قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کے امتحانات 28 رجب بمطابق 22 جولائی بروز بدھ شروع ہو کر 6 شعبان بمطابق 30 جولائی اختتام پذیر ہوں گے۔ جبکہ وفاق المدارس کے امتحانات یکم اگست بروز ہفتہ شروع ہوں گے۔ ان شاء اللہ

## مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں چوتھی سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس

مورخہ 16 مئی بروز ہفتہ بعد نماز مغرب مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں چوتھی سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے کی۔ کانفرنس کے مہمان خصوصی جناب محمود مرزا جہلمی نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب تھے۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ خطیب مسجد ھذا نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے شیر ربانی حضرت مولانا عبدالعلیم یزدانی خطیب جھنگ اور حضرت مولانا قاری عبدالرحیم ساجد خطیب سرگودھا نے بڑا ہی جاندار اور شاندار خطاب کیا اور قاری عبدالوہاب صدیقی نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ رئیس الجامعہ کے صدارتی اور دعائیہ کلمات سے یہ کانفرنس تکمیل پذیر ہوئی۔ اس کانفرنس میں مقامی لوگوں کے علاوہ جہلم، ڈھوک صوبیدار، گوجر خان، ڈھوک امب اور دوسرے علاقوں سے کثیر تعداد میں احباب نے شرکت کی۔

## مسجد نور الاسلام اہل حدیث توحید آباد (بھیلووال) میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 21 مئی بروز جمعرات مسجد نور الاسلام اہل حدیث میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر ہوا۔ جس میں مہمانِ خصوصی جناب محمود مرزا جہلمی تھے۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا محمد شہباز خطیب جامع مسجد دار السلام اہل حدیث بھیلووال نے سرانجام دیئے۔ جلسہ سے حضرت مولانا عبدالباسط شیخوپوری اور حضرت مولانا سید عبد الغفور شاہ حافظ آبادی نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ جلسہ تکمیل پذیر ہوا۔

## جامع مسجد ابوبکرؓ حدیث ڈھوک جمعہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 25 مئی بروز سوموار جامع مسجد ابوبکرؓ اہل حدیث ڈھوک جمعہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔ جناب محمود مرزا جہلمی مہمان خصوصی تھے۔ جلسہ سے حضرت مولانا سیف اللہ خالد چتروڑ گڑھی اور حضرت مولانا قاری عبدالرحیم ساجد نے خطاب کیا۔ شاعر اسلام قاری عبدالوہاب صدیقی اور جناب غلام حسین مخلص نے بڑے ہی احسن انداز میں نعتیہ کلام پیش کیا۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے جلسہ تکمیل پذیر ہوا۔

وفیات:

## عامر سلیم علوی کو صدمہ

اہل حدیث یوتھ فورس کے سرگرم کارکن جناب عامر سلیم علوی کے والد محمد سلیم علوی مورخہ 29 اپریل بروز بدھ وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم نماز پنجگانہ کے پابند، بااخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## نعیم اختر (الیکٹریشن) کو صدمہ

نعیم اختر جو کہ عرصہ 10 سال سے جامعہ میں الیکٹریشن کا کام کرتے ہیں۔ مورخہ 2 مئی بروز ہفتہ ان کے والد محمد ولایت مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے ان کے آبائی گاؤں ٹھمکہ (گجرات) میں پڑھائی۔ جامعہ سے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر، مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق کے علاوہ اساتذہ کے وفد نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

## محمد مشتاق اور ارسل الیاس (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 10 مئی بروز اتوار محمد مشتاق کی والدہ اور ارسل الیاس کی دادی محترمہ کوٹلہ ائمہ میں وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نیک، پارسا اور با اخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## فضل الرحمٰن کو صدمہ

مورخہ 15 مئی بروز جمعہ فضل الرحمٰن کے والد رحمت الٰہی ہارٹ اٹیک کی وجہ سے وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جامع مسجد سلطان اہل حدیث (جامعہ علوم اثریہ) کے مستقل نمازی تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## محمد طلعت کو صدمہ

مورخہ 5 جون بروز جمعہ طلعت کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نماز پنجگانہ کی پابند، بڑی ہی نیک اور با اخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## شاہد عزیز قریشی کو صدمہ

یکم جون بروز سوموار شاہد عزیز قریشی کی ہمشیرہ کراچی میں وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ رئیس الجامعہ نے مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں نماز جمعہ کے بعد مرحومہ کی غائبہ نماز جنازہ پڑھائی۔

## اقبال اختر قریشی کو صدمہ

اقبال اختر قریشی کے برادران لاء لیاقت علی قریشی 16 جون بروز منگل وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم ایف جی سکول اسلام آباد میں تدریس کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔

## قاری عبداللطیف کو صدمہ

قاری عبداللطیف خطیب جامع مسجد صوبہ خان اہل حدیث ٹھل (پنڈ دادنخان) کی والدہ محترمہ 18 جون بروز جمعرات وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں میں قاری عبداللطیف نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com